## سوشل سیکورٹی کے طبّی مراکز

سندھ ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن تحفظ یافتہ محنت کشوں اوران کے لواحقین کو طبّی سہولتیں اور مالی فوائد فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے۔ طبّی سہولتوں کی فراہمی کا مقصد محنت کشوں اوران کے لواحقین کی صحت کو برقرار رکھنا ہے۔ طبی امداد کی فراہمی پر ادارہ ہر سال اپنے بجٹ کا تقریباً 70 فی صد خرچ کر رہا ہے۔ ان سہولتوں کی فراہمی کے لئے تحفظ یافتہ محنت کشوں کو ان کی مرضی سے ادارے کی کسی ایک ڈسپنسری سے منسلک کر دیا جاتا ہے، جو ان کی رہائش گاہ یا فیکٹری سے قریب ہو۔ محنت کش وہاں اپنا اور اپنے لواحقین کے ناموں کا اندراج کراتے ہیں۔ ضرورت پڑنے پر انہیں اور ان کے لواحقین کو ان ڈسپنسریوں سے ہسپتال بھیجا جاتا ہے۔

## طبی امداد کا دائرہ کار

1) 24/7 ایمرجنسی خدمات کی فراہمی
2) ڈسپنسریوں سے علاج: اس میں ڈاکٹر سے معائنہ اور نسخہ کے مطابق دواؤں کی فراہمی شامل ہے۔
3) ہسپتال میں داخلہ یا ہسپتال کے بیرونی شعبے میں ماہرین سے علاج کی سہولت
4) ضروری تشخیص مثلاً سی ٹی اسکین، الٹراساؤنڈ، ایکسرے، خون وغیرہ کے ٹیسٹ
5) گردوں کی بیماریوں کا علاج
6) سوشل سیکورٹی کے طبی مراکز یا منظور شدہ کیمسٹس (Medical Stores) سے ڈاکٹری نسخے کے مطابق ادویہ کی فراہمی
7) دانتوں کے علاج کی سہولت، صرف دورانِ کار چوٹ لگنے کی صورت میں مہیا کی جاتی ہے۔
8) ہیپاٹائٹس بی/سی کے علاج کی سہولت

## طبی سہولتوں کی فراہمی کا طریقہ کار

تحفظ یافتہ محنت کش اپنا رجسٹریشن کارڈ R-5 / بینظیر مزدور کارڈ اور فارم B-2 لے کر سوشل سیکورٹی ڈسپنسری میں جاتا ہے جہاں وہ رجسٹرڈ ہوتا ہے متعلقہ کارڈ زدکھا کر اپنے علاج کی کتاب (Medical History Book) حاصل کرتا ہے۔ بعدازاں یہ کتاب وہ میڈیکل آفیسر کے پاس لے کر جاتا ہے جو اس کا معائنہ کرتا اور کتاب پر نسخہ تجویز کرتا ہے۔ اگر بیماری شدید نوعیت کی ہو تو مقررہ فارم M-15 پُر کر کے اسے علاج / مشورے کیلئے متعلقہ بیماری کے ماہر ڈاکٹر کے پاس ہسپتال بھیج دیتا ہے۔ ڈاکٹری معائنے کے بعد مریض ڈریسر کے پاس (اگر اسے ڈریسنگ کی ضرورت ہے تو) اور پھر اپنی علاج کی کتاب کے ساتھ دوا لینے کیلئے ڈسپنسر کے پاس جاتا ہے۔

ایمرجنسی (حادثہ کی صورت میں) میں آجر فارم B-3 خود پُر کر کے مریض کو براہ راست ہسپتال بھیج سکتا ہے لیکن دوسرے دن متعلقہ ڈسپنسری سے مریض کا M-15 ہسپتال میں جمع کرانا لازمی ہوتا ہے۔

محنت کشوں کو مصنوعی اعضاء کی فراہمی کیلئے ادارے کے ہسپتال سے رجوع کرنا پڑتا ہے جہاں متعلقہ ماہر ڈاکٹر اسکا تفصیلی معائنہ کرتا ہے اور اپنی سفارشات تحریر کر کے میڈیکل ایڈوائزر سیسی ہیڈ آفس کو بھیجتا ہے۔ جہاں سوشل سیکورٹی ایکٹ کی دفعہ 49 کے تحت متعلقہ ڈائریکٹوریٹ کے (ری ہیبلیٹیشن اینڈ ویلفیئر آف سیکیورڈ ورکرز) کے ہیڈ سے محنت کش کو مصنوعی اعضاء فراہم کئے جاتے ہیں۔

## سوشل سیکورٹی ہسپتال

صوبے کے مختلف علاقوں میں سوشل سیکورٹی کے 5 ہسپتال کام کر رہے ہیں، جن کا مختصر تعارف، پتے اور فون نمبر درج ذیل ہیں:

### 1) کلثوم بائی ولیکا سوشل سیکورٹی سائٹ ہسپتال، کراچی

فون نمبر: 021-99333135,99333136,99333137

یہ ہسپتال H-3، سائٹ منگھوپیر روڈ کراچی میں واقع ہے اس میں 355 بستروں کی گنجائش ہے۔ یہاں سرجری، آرتھوپیڈک، آنکھ، ناک، کان، حلق، امراض اطفال، امراض سینہ، نفسیات، امراض قلب، نیورولوجی، جلدی امراض، گائنی، انستھیسیا، ڈینٹل کیئر اور میڈیسن کے شعبے قائم ہیں۔ ہسپتال میں سی ٹی اسکین، ای سی جی، ایکسرے، الٹراساؤنڈ، لیبارٹری ٹیسٹ کی تشخیصی سہولتوں کے علاوہ گردوں کے مریضوں کے لئے ڈائیلیسس کی سہولت بھی موجود ہے۔ ہسپتال میں آپریشن تھیٹرز بھی قائم ہیں جبکہ ہسپتال کا شعبہ حادثات 24/7 کام کرتا ہے۔

### 2) سوشل سیکورٹی لانڈھی ہسپتال

فون نمبر: 021-35082775,35082034,35081235

یہ ہسپتال ST-13، بلاک ون، لانڈھی انڈسٹریل ایریا، کراچی میں واقع ہے۔ یہاں 213 بستروں کی گنجائش ہے۔ اس ہسپتال میں سرجری، آرتھوپیڈک، ناک، کان، حلق، آنکھ، امراض اطفال، امراض سینہ، جلدی امراض، گائنی، انستھیسیا، ڈینٹل کیئر اور میڈیسن کے شعبے قائم ہیں۔ اس ہسپتال میں ای سی جی، ایکسرے، الٹراساؤنڈ، لیبارٹری ٹیسٹ کی تشخیصی سہولتوں کے علاوہ گردوں کے مریضوں کے لئے ڈائیلیسس کی سہولت بھی موجود ہے۔ ہسپتال میں آپریشن تھیٹرز بھی قائم ہیں جبکہ ہسپتال کا شعبہ حادثات 24/7 کام کرتا ہے۔

### 3) سوشل سیکورٹی کڈنی سینٹر لانڈھی

فون نمبر: 021-35000281,35000284

یہ ہسپتال ڈسٹرکٹ جیل ملیر کراچی کے عقب (بن قاسم ٹاؤن) میں واقع ہے۔ اس میں 50 بستروں کی گنجائش ہے۔ یہ ہسپتال 15 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے۔ اس ہسپتال میں گردوں کی متعدد بیماریوں کا علاج کیا جاتا ہے۔ یہاں 20 جدید ڈائیلسس مشینوں کے علاوہ مانیٹرز، وینٹی لیٹرز اور سینٹرلی آکسیجن سسٹم جیسی سہولیات موجود ہیں۔ مرض کی تشخیص کے لیے جدید لیبارٹری اور ریڈیالوجی ڈپارٹمنٹ بھی قائم ہیں۔ اس ہسپتال میں جدید لیتھروا سکوپی کی سہولت بھی مریضوں کو فراہم کی جاتی ہے۔ اس ہسپتال میں انتہائی نگہداشت کا شعبہ/ انٹینسو کیئر یونٹ (ICU) کے علاوہ دو آپریشن تھیٹر بھی قائم ہیں جبکہ ہسپتال کا شعبہ ایمرجنسی 24/7 کام کرتا ہے۔ اس ہسپتال کے فضلے کو ضائع کرنے کیلئے انکریریٹر جنریٹر بھی نصب کیا گیا ہے۔ نیز اس ہسپتال میں Covid-19 کا آئیسولیشن وارڈ بھی ہے جو کورونا ویکسین سینٹر میں قائم ہے۔

### 4) سوشل سیکورٹی حیدرآباد ہسپتال

فون نمبر: 022-9239336-7,9200701,3886758

یہ ہسپتال حیدرآباد شہر کے وسط میں اوڈین سینما کے قریب واقع ہے۔ اس میں 55 بستروں کی گنجائش ہے۔ یہاں سرجری، آرتھوپیڈک، گائنی، میڈیسن، امراضِ سینہ، اطفال، انستھیسیا، ڈینٹل کیئر وغیرہ کے شعبے قائم ہیں جبکہ امراضِ قلب، نیورو، آنکھ اور ENT کے ماہرین بھی یہاں خدمات انجام دیتے ہیں۔ اس ہسپتال میں ای سی جی، ایکسرے، لیبارٹری ٹیسٹ اور الٹراساؤنڈ کی تشخیصی سہولتیں بھی موجود ہیں۔ ہسپتال میں آپریشن تھیٹر بھی قائم ہے۔ اس کے علاوہ ہسپتال میں 24 گھنٹے ایمرجنسی کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

### 5) سوشل سیکورٹی کوٹری ہسپتال

فون نمبر: 022-9260473,3870015

یہ ہسپتال C-10 سائٹ ایریا، کوٹری میں واقع ہے۔ اس میں 130 بستروں کی گنجائش ہے۔ یہاں سرجری، آرتھوپیڈک، انستھیسیا، میڈیسن اور ڈینٹل کیئر کے شعبے قائم ہیں جبکہ امراضِ سینہ، اطفال، امراضِ قلب، نیورو، آنکھ اور ENT کے ماہرین بھی یہاں خدمات انجام دیتے ہیں۔ اس ہسپتال میں ای سی جی، ایکسرے، لیبارٹری ٹیسٹ اور الٹراساؤنڈ کی تشخیصی سہولتیں موجود ہیں۔ ہسپتال میں آپریشن تھیٹر بھی قائم ہے۔ اس ہسپتال میں بھی 24/7 ایمرجنسی کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

### 6) سوشل سیکورٹی ہسپتال سکھر (زیرِ تعمیر)

یہ ہسپتال سائٹ ایریا سکھر میں تعمیر کیا جا رہا ہے، جس پر کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس ہسپتال میں 25 بیڈز کی گنجائش ہوگی۔ یہاں پر گائنی، میڈیسن، امراض سینہ اور سرجری کے شعبے قائم کیے جائیں گے۔

## سوشل سیکورٹی میڈیکل سینٹرز

سوشل سیکورٹی کے میڈیکل سرکلز کے تحت صوبے کے مختلف علاقوں میں 5 میڈیکل سینٹرز کام کر رہے ہیں۔ ان کے پتے اور فون نمبر مندرجہ ذیل ہیں:

### 1) سوشل سیکورٹی دھابیجی میڈیکل سینٹر

غریب آباد مارکیٹ، مین نیشنل ہائی وے، دھابیجی

### 2) سوشل سیکورٹی نوری آباد میڈیکل سینٹر

پلاٹ نمبر A/2، سائٹ نوری آباد، فون نمبر: 025-4670165

### 3) سوشل سیکورٹی سکھر میڈیکل سینٹر

S-3 سائٹ ایریا، سکھر

## سوشل سیکورٹی ڈسپنسریاں

سوشل سیکورٹی کے سات میڈیکل سرکلز کے تحت صوبے کے مختلف علاقوں میں 43 ڈسپنسریاں کام کر رہی ہیں، ان کے پتے اور فون نمبر درج ذیل ہیں:

# سوشل سیکورٹی اسکیم کے تحت طبی سہولتیں

- ڈسپنسری کی سطح کا علاج
- ہسپتالوں میں ماہرین کا مشورہ اور علاج
- تشخیصی معائنہ، لیبارٹری، ایکسرے، الٹراساؤنڈ اور سی ٹی اسکین
- ہسپتال میں داخلہ اور علاج
- مصنوعی اعضاء کی فراہمی
- گردوں کے مریضوں کے لئے ڈائیلیسس کی سہولت
- حفاظتی ٹیکہ جات
- ہیپاٹائٹس بی/سی کا علاج

شائع کردہ
شعبہ تعلقات عامہ تربیت وتحقیق

**سندھ ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن**
ایس ٹی ۔17 بلاک ۔6، گلشن اقبال، کراچی
فون نمبر: 021-99244102,99243892
فیکس نمبر: 021-99243355
مزید معلومات کیلئے وزٹ کیجئے
www.sessi.gov.pk
(اکتوبر 2024)

## I) سٹی سرکل

**سیکٹر1، لائنزایریا، کراچی، فون نمبر: 021-3842450**

| | |
|---|---|
| (1) لائنزایریاڈسپنسری/ کنسلٹنٹ کلینک | سیکٹر1، لائنزایریا، کراچی<br>فون نمبر: 021-32780355 |
| (2) ماڈرن کالونی ڈسپنسری | 68۔ماڈرن کالونی منگھوپیرروڈ کراچی<br>فون نمبر: 021-32582920 |
| (3) پیرآبادڈسپنسری | GS-60، نواب صدیق علی روڈ، گلبہار، کراچی،<br>فون نمبر: 021-36682677 |
| (4) فاطمہ جناح ڈسپنسری | ST-34، سیکٹر11 آئی، نارتھ کراچی<br>فون نمبر: 021-36974208 |
| (5) ایف بی ایریاڈسپنسری | A-19، بلاک-16، ایف بی ایریا، کراچی |

## II) سائٹ سرکل

**ST/1-C/4، بلاک U، نارتھ ناظم آباد، کراچی فون نمبر: 021-36634732**

| | |
|---|---|
| (6) مدینہ ڈسپنسری | باچاخان چوک، بنارس کراچی |
| (7) جاوداں ڈسپنسری | نزد منگھوپیر مزار، منگھوپیر روڈ، کراچی |
| (8) نیوشیرشاہ ڈسپنسری | H-11، سائٹ، کراچی |
| (9) نیوباوانی ڈسپنسری | A-13-A، سائٹ، منگھوپیر روڈ، کراچی |
| (10) اورنگی ٹاؤن ڈسپنسری | ST-4، بلاک ایف، سیکٹر 13، اورنگی ٹاؤن، کراچی فون نمبر: 021-36695264 |
| (11) لیبراسکوائر ڈسپنسری | نزد مسجد گلزار حبیب، سائٹ، کراچی |

## III) لانڈھی سرکل

**آدم جی روڈ، لانڈھی انڈسٹریل ایریا، کراچی فون نمبر: 021-35000305**

| | |
|---|---|
| (12) آئی ٹی سی لانڈھی ڈسپنسری | لانڈھی انڈسٹریل ایریا، آدمجی روڈ، لانڈھی، کراچی<br>فون نمبر: 021-35000305 |
| (13) سعودآباد ڈسپنسری | پلاٹ نمبر1 کمرشل ایریا، سعودآباد، کراچی<br>فون نمبر: 021-34402160 |
| (14) شاہ فیصل ڈسپنسری | 140، بلاک نمبر3 شاہ فیصل کالونی، کراچی<br>فون نمبر: 021-34570499 |

## IV) کورنگی سرکل

**ST-1، سیکٹر35-C، کورنگی 3½، کراچی، فون نمبر: 021-35059276**

| | |
|---|---|
| (15) فیوچر کالونی ڈسپنسری | فیوچر کالونی، لانڈھی نمبر1، کراچی<br>فون نمبر: 021-35011295 |
| (16) سوشل سیکورٹی ڈسپنسری | کورنگی 2½ کراچی<br>فون نمبر: 021-35068326 |
| (17) کورنگی 3½ ڈسپنسری | ST-1، سیکٹر35/C، کورنگی نمبر3½، کراچی<br>فون نمبر 021-35059276 |

## V) کوٹری سرکل

**B-8، سائٹ ایریا، کوٹری، فون نمبر: 022-3870068, 3870421**

| | |
|---|---|
| (18) کوٹری سائٹ ڈسپنسری | B-8، سائٹ کوٹری<br>فون نمبر: 022-3870058 |
| (19) کوٹری سٹی ڈسپنسری | SA-9، وارڈA، کوٹری |
| (20) سفائر ٹیکسٹائل ملز ڈسپنسری | 17/A سفائر ٹیکسٹائل ملز، سائٹ، کوٹری<br>فون نمبر: 022-3871483 |
| (21) لیبراسکوائر ڈسپنسری | مین لیبراسکوائر، کوٹری |

## V) حیدرآباد سرکل

**A-68، سائٹ ایریا، حیدرآباد، فون نمبر: 022-3886758, 9250212**

| | |
|---|---|
| (22) سینڈوز ڈسپنسری | ناورٹزفارما، جامشورو<br>فون نمبر: 022-3877690 |
| (23) گنجوٹکر ڈسپنسری | A/68، سائٹ، گنجوٹکر، حیدرآباد<br>فون نمبر: 022-3880182 |
| (24) یونٹ نمبر8 ڈسپنسری | 22/C، بلاکA، یونٹ نمبر8 لطیف آباد، حیدرآباد<br>فون نمبر 022-9260473 |
| (25) ٹنڈوآغا ڈسپنسری | بنگلہ نمبر1048، وارڈ جی، ٹنڈوآغا، حیدرآباد<br>فون نمبر: 022-2635191 |
| (26) سائٹ ڈسپنسری | نزد نیشنل بنک، سائٹ ایریا، حیدرآباد ,<br>فون نمبر: 022-3882319 |
| (27) ذیل پاک ڈسپنسری | ٹنڈومحمد خان روڈ، حیدرآباد |
| (28) میرپورخاص ڈسپنسری | پلاٹ نمبر345/دیہہ کپر بھنسو، ہائی اسکول، میرپورخاص<br>فون نمبر: 0233-923022 |
| (29) ٹنڈوآدم ڈسپنسری | T-4، سائٹ، ٹنڈوآدم<br>فون نمبر 023-3571068 |
| (30) سانگھڑ ڈسپنسری | A/59، سانگھڑ ہاؤسنگ سوسائٹی، سانگھڑ |
| (31) نوابشاہ ڈسپنسری | نزد حبیب شوگرملز، نوابشاہ، ضلع شہید بے نظیرآباد<br>فون نمبر: 0244-923038 |

## VII) سکھر سرکل

**S-3، سائٹ ایریا، سکھر، فون نمبر: 071-5630134**

| | |
|---|---|
| (32) رانی پور ڈسپنسری | رانی پور شوگر مل، رانی پور |
| (33) کوٹ بنگلو ڈسپنسری | نیشنل ہائی وے مین بس اسٹاپ، کوٹ بنگلو |
| (34) خیرپور ڈسپنسری | نزد سوک سینٹر، خیرپور میرس |
| (35) سکھر سٹی ڈسپنسری | نزد باغ حیات علی شاہ، سکھر<br>فون نمبر: 071-9910748 |
| (36) سکھر سائٹ ڈسپنسری | S-3، سا!ئٹ ایریا، سکھر<br>فون نمبر: 071-5630309 |
| (37) شکارپور ڈسپنسری | پلاٹ نمبر10/1، بالمقابل پلازہ سینما، شکارپور<br>فون نمبر: 0726-520407 |
| (38) لاڑکانہ سٹی ڈسپنسری | شیوا منڈلی بلڈنگ، لاڑکانہ<br>فون نمبر: 074-9410320 |
| (39) جیکب آباد ڈسپنسری | نزد فورس گراؤنڈ روڈ، جیکب آباد<br>فون نمبر: 076-53390 |
| (40) گھوٹکی ڈسپنسری | نزد اینٹی کرپشن آفس، گھوٹکی |
| (41) میرپورماتھیلو ڈسپنسری | نیشنل ہائی وے، میرپورماتھیلو |
| (42) ڈھرکی ڈسپنسری | نزد اینگرو کیمیکل، ڈھرکی |
| (43) روہڑی ڈسپنسری | نزد کربلا، روہڑی |

## ریٹینر ڈاکٹرز

جس جگہ سیسی کی اپنی ڈسپنسریاں نہیں ہیں وہاں کے محنت کشوں کو سیسی کے مقرر کردہ ریٹینر ڈاکٹروں کے ذریعے طبی سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں۔جن کی تعداد 6 ہے۔